بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

نمبر۔1050 ڈی ایس ایف بتاریخ: 30-01-2020

ترمیمی نوٹیفکیشن

بورڈ ھٰذا کے زیر اہتمام انٹرمیڈیٹ (پارٹ سسٹم) پارٹ - I، پارٹ - II- کمبائنڈ (I-II) اور علوم شرقیہ سالانہ امتحانات 2020ء مورخہ 28-اپریل 2020ء سے شروع ہوں گے۔ مذکورہ امتحان کے لیے داخلہ فارم مع امتحانی فیس وصول کرنے کا ترمیمی شیڈول حسب ذیل ہے۔

آغاز انعقاد انٹرمیڈیٹ (سالانہ) امتحان مورخہ 28-اپریل 2020ء

نمبر شمار	تفصیل	شیڈول برائے ریگولر اور پرائیویٹ امیدواران
1	سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارمز کی وصولی	06-جنوری 2020ء تا 07-فروری 2020ء
2	دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارمز کی وصولی	08-فروری 2020ء تا 14-فروری 2020ء
3	تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارمز کی وصولی	15-فروری 2020ء تا 21 فروری 2020ء

اہم قواعد:۔

1- ایسے امیدواران جنہیں بورڈ کے کسی بھی فیصلہ کے تحت فیس معافی کی سہولت حاصل ہے۔ ایسی سہولت صرف سنگل فیس کے شیڈول تک محدود ہے۔ سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کرانے کی تاریخ گزر جانے کے بعد وہ بھی دیگر امیدواران (پرائیویٹ/ریگولر) کی طرح شیڈول کے مطابق امتحانی فیس مع دیگر واجبات جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔

2- امتحان کے لیے داخلہ صرف انٹرنیٹ آن لائن سسٹم کے ذریعے ہی ہوگا۔ لہذا امتحان میں شرکت کے خواہشمند طلباء و طالبات بورڈ ہٰذا کی ویب سائیٹ www.biselahore.com سے رجوع کریں۔ امتحانی فیس کی ادائیگی کے لیے صرف آن لائن کمپیوٹرائزڈ داخلہ فارم ہی استعمال کرنا ہوگا۔ لہذا شیڈول کے مطابق امتحانی فیس/ پروسیسنگ فیس صرف آن لائن داخلہ فارم پر ہی جمع کرائیں۔ HBL بورڈ برانچ کے علاوہ حبیب بنک لمیٹڈ کی تمام برانچیں امتحانی فیس اور داخلہ فارم جمع کرنے کی مجاز ہیں۔

☆ **21- فروری 2020ء کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔**

☆ شرح فیس نوٹیفکیشن ہٰذا کی پشت پر ملاحظہ فرمائیں یا بورڈ ہٰذا کی ویب سائیٹ www.biselahore.com وزٹ کریں۔

☆ داخلہ فارمز کی وصولی کا شیڈول بورڈ کی ویب سائٹ www.biselahore.com پر بھی دستیاب ہے۔

30/1/2020

اسسٹنٹ سیکرٹری فنانس

برائے سیکرٹری

نقل برائے اطلاع:۔

تمام آفیسرز بورڈ ہٰذا، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن، سیکرٹری سکولز، چیف ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ آفیسرز (ایجوکیشن)، بورڈ ممبران، حبیب بنک کی نامزد برانچز، جملہ تعلیمی بورڈز پنجاب، قومی اخبارات اور الحاق یافتہ تعلیمی ادارہ جات کے سربراہان اور ویب سائٹ بورڈ ھٰذا "www.biselahore.com"